سوال

(200)خواتین کا گھر میں اذان سے پہلے نماز پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ہمارا گھر مسجد کے قریب ہے۔ ہماری عورتیں مسجد کی بجائے گھر میں نماز پڑھتی ہیں کیا یہ اذان سے پہلے نماز پڑھ سکتی ہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز کا وقت ہوچکا ہو تو عورت گھر میں اذان سے قبل بھی نماز پڑھ سکتی ہے کیونکہ اوّل وقت نماز ادا کرنے کی شریعت میں ترغیب وارد ہے۔ دوسرا اذان کے دعوتی کلمات (حی علی الصلوٰۃ اور حی علی الفلاح) کا زیادہ تر تعلق ان لوگوں سے ہے جن کو باجماعت نماز ادا کرنے کا مکلف بنایا گیا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب المساجد : صفحہ :194

محدث فتویٰ